1010

SAMAGRA SHIKSHA, KERALA

FIRST TERMINAL EVALUATION 2018-19

STD : X

First Language Part-1 (Urdu)

Time :1 ½ Hrs
Score : 40

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

- ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- 1 മുതൽ 6 വരെയുള്ള എല്ലാ ചോദ്യങ്ങൾക്കും ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
- 7 മുതൽ 13 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
- 14മുതൽ 19 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക

1 سے 6 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے

1 بچو، نیچے چند الفاظ ہیں ان سے الگ لفظ چن کر لکھیے۔ 1

[غزل' نظم' افسانہ' گیت]

2 نیچے چند ادیبوں کے نام دیے ہیں۔ان میں سے شاعروں کے نام چن کر لکھیے۔ 2

[پریم چند ' سدرشن فاخر' علی عباس حسینی' نظیر اکبر آبادی]

3 مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر 1

دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر

بچو، اس شعر میں لفظ 'نان' سے کیا مطلب ہے ؟

[آن ' استخوان' 'روٹی' مفلسی]

4 اشعار غور سے پڑھیے اور ان میں سے 'بچپن' کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a) جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

b) نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی

c) ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر
جس طرح کتّے لڑتے ہیں ایک استخوان پر

5 قوسین سے مناسب لفظ چن کر جملے پورا کیجیے۔ 2

ایک دن .... واقعہ ہے۔ جب ساجن اسکول .... پڑھ رہا تھا۔ اس دن شام........ وہ نئے کپڑے پہن کر اسکول........ لوٹ آیا۔

(میں، سے، کا، کو)

6 قوسین سے مناسب لفظ چن کر گروہ کا خانہ مکمل کیجیے۔ 1

[کہانی' نظم' ظفر علی]

ستاتی ہے مفلسی	....	نظیر اکبر آبادی
انسانیت کا جامہ	....	علی عبّاس حسینی

7 سے 13 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ **5x3=15**

7 ' انسانیت کا جامہ ' علی عبّاس حسینی کی مشہور کہانی ہے۔ یہ 'آئی۔ سی۔ ایس کہانی ' سے لی گئی ہے۔ وحید اس کہانی کا ایک اہم کردار ہے۔

a بچو، اس کہانی کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b اس کہانی میں آپ کے پسندیدہ کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

8 اخبار اور چینل والے ساجن سے پوچھنے لگے۔
آپ کی اس عظیم کامیابی کے پیچھے کس کا ہاتھ ہے؟
بچو، اگر آپ کو ساجن سے ملنے کا موقع ملا تو آپ کیا کیا سوالات کریں گے۔ تین سوالات تیار کیجیے۔

9 جو اہل فضل عالم و فاضل کہاتے ہیں
مفلس ہوئے تو کلمہ تلک بھول جاتے ہیں

بچو، یہ شعر مشہور شاعر نظیر اکبر آبادی کی نظم 'ستاتی ہے مفلسی ' سے لیا گیا ہے۔ اس میں مفلسی کے مختلف پہلوں کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

10 بیس سال بعد ظفر علی اپنا گاؤں لوٹ آیا تو وہاں کا منظر بالکل بدل چکا تھا۔
بچو، آج کل آپ کے گاؤں یا شہر میں کیا کیا تبدیلیاں آچکی ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

11 وہ گڑیا کی شادی میں لڑنا جھگڑنا
وہ جھولوں سے گرنا وہ گر کے سنبھلنا

اس شعر میں شاعر سدرشن فاخر بچپن کے کھیلوں کے بارے میں بیان کرتا ہے۔
بچو، اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

12 آج کل غریبی اور مفلسی سماج کا بڑا مسئلہ ہے۔ اس کو دور کرنا ہمارا فرض ہے۔
بچو، آپ کے آس پاس بھی بہت غریب اور مفلس لوگ رہتے ہوں گے۔ ان کے لیے ہم کیا کیا کر سکتے ہیں؟ ایک نوٹ لکھیے۔

13 بچپن کا زمانہ بہت خوبصورت ہے۔ ! سب لوگ بچپن کا زمانہ پسند کرتے ہیں۔
بچو، بچپن کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

14 سے 19 تک سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ **4x4=16**

14 آج کل ہم انسان کوڑے کچرے ڈال کر ندی نالوں کو برباد کر رہے ہیں۔
ندی کا پانی گندہ کر رہے ہیں۔
بچو، ندی نالوں کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔ ندی اور پانی کی حفاظت کے سلسلے میں آج شام کو گاؤں میں ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ اس کے لیے چار نعرے تیار کیجیے۔

جیسے : ندی کی حفاظت کرنا سماج کا فرض ہے

15 اسکول کے سیمینار میں ساجن نے حصّہ لیا تھا۔ الطاف نے اس کو نئے کپڑے دیے تھے کیوں کہ ساجن کے کپڑے پھٹے پرانے ہو گئے تھے۔
شام کو نئے کپڑے پہن کر ساجن گھر واپس آیا۔ یہ دیکھ کر امیّ نے پوچھا۔

امیّ : کیوں بیٹے ! آج یہ نئے کپڑے کہاں سے ملا؟
ساجن : ....
بچوّ، ساجن اور امیّ کی گفتگو تیار کیجیے۔

16 بچو، نیچے دیے پوسٹر غور سے پڑھیے۔ اس کی بنیاد پر ایک اخباری رپورٹ تیار کیجیے۔

ساجن آئی۔اے۔ایس کو مبارک باد

تہنیتی جلسہ

مقام	:	کالی کٹ ٹاؤن ہال
تاریخ	:	۵/اگست ۲۰۱۸ء شام چار بجے
صدارت	:	موہن داس (صدرِ پنچایت)
افتتاح	:	**عرفان خان (ایم۔ایل۔اے)**

شرکت کی گزارش ہے

17 میری ماں ایک غریب عورت ہے۔ وہ شہر میں دو دکانوں کی صفائی کے لیے جایا کرتی تھی۔ بڑی مشکل سے میری پڑھائی کے لیے روپیہ جمع کرتی تھی۔ ساجن اخبار والوں سے اپنے تجربات بیان کر رہا تھا۔
بچو، آپ بھی اپنی زندگی کے حالات بیان کرتے ہوئے ایک تجرباتی نوٹ (அனுபவ குறிப்பு) تیار کیجیے۔

18 وحید دہلی میں اپنی بیوی جہاں آرا بیگم کے ساتھ رہتا ہے۔ ماں کو اسے دیکھنے کی بڑی خواہش تھی۔ امیّ بار بار خط لکھتی تھی۔ آخر وحید نے اپنے گاؤں محمد پور آنے کا ارادہ کیا۔ وہ امیّ کے نام ایک خط لکھنا چاہتا ہے۔ بچو، وحید کا خط تیار کیجیے۔

19 بچو، اشاروں کی مدد سے نظیر اکبر آبادی کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔

نام	:	نظیر اکبر آبادی
پیدائش	:	۱۷۳۵ء
شہرت	:	عوامی شاعر
مشہور کتابیں	:	برسات، ہولی، آدمی نامہ، روٹی نامہ
انتقال	:	۱۸۳۰ء